سوال

سوکراٹھنے پرکھانے کےلئے ھاتھ دھونے کی اھمیت، صحیح احادیث کی روشنی میں؟

جواب

سوکراٹھنے کے بعدہاتھ دھونے کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ سوکراٹھنے کے بعدہاتھ دھونے کا کیا حکم ہے۔؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ الحمدللہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! سوکراٹھنے کے بعدہاتھ دھونا مستحب اور مسنون عمل ہے، نبی کریم نے فرمایا «إذا استیقظ أحدکم من نومہ فلا یغمس یدہ فی الإناء حتی یغسلها ثلاثا، فإنه لا يدري أين باتت يده » جب تم میں سے کوئی شخص نیند سے بیدار ہو تو کسی برتن میں اس وقت تک اپنے ہاتھ نہ ڈالے، جب تک ان کو تین بار دھو نہ لے، بے شک وہ جانتا نہیں ہے کہ اس کے ہاتھوں نے کہاں گزاری ہے۔ ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث